No.SO(A-I)1-3/2025
GOVERNMENT OF THE PUNJAB
SCHOOL EDUCATION DEPARTMENT

Dated Lahore 28th April, 2025

To

All the Chief Executive Officers (DEAs),
In Punjab

SUBJECT- **FORMULATION OF STUDENTS COUNCILS IN PUBLIC SCHOOLS OF PUNJAB**

Kindly refer to the subject cited above.

2. I am directed to inform that Govt. of the Punjab, School Education Department is making earnest efforts to enhance education across public schools and boost students capabilities through various means. Consequently, the establishment of student councils in government schools is a vital step towards enhancing learning & leadership capabilities. A comprehensive guideline / code of conduct is attached for formulation of students councils in Government schools is attached. By adhering to these steps, government schools can establish dynamic and efficient student councils, empowering students to assume leadership roles and foster positive impacts within their schools. Moreover, election schedule is as under:

ACTIVITY	DATE
Announcement of election schedule	May 5-6
Nomination of election candidates	May 7-9
Scrutiny of candidates/Announcement of final candidates/Hearing of appeals	May 12
Award of election symbols	May 12
Preparation of posters by the candidates	May 13
Election Campaign	May 14-16
Publication of ballot papers/preparations of elections	May 19-20
Election day/voting/Announcement of election results	May 21
Filing of election petitions/decisions.	May 22

3. I am further directed to request you to implement the above said directions in true letter and spirit and also disseminate the directions at all levels for its successful completion.

4. This may be treated as **MOST URGENT**.

(AHMAD BILAL KHAN)
SECTION ~~OFFICER~~ (ACAD-I)
28.04.2025

No. & date even:

1. The Director Public Instructions (SE/EE), Punjab, Lahore / South Punjab, Multan.
2. The Deputy Director (Monitoring), SED with the request to upload this letter on official website of School Education Department for general information.
3. PS to Minister, School Education Department.
4. PS to Secretary, School Education Department.
5. PS to Special Secretary, School Education Department South Punjab, Multan.
6. PS to Special Secretary, School Education Department.
7. PS to Additional Secretary (General), School Education Department.

CamScanner

4. سٹوڈنٹ کونسل ایک سخت نظم وضبط اور نگرانی کے نظام کے تحت اپنے فرائض انجام دیں گی، جس کی خلاف ورزی کی صورت میں ان کو تحلیل بھی کیا جاسکے گا۔

چناؤ کا طریقہ کار:

1. سٹوڈنٹ کونسلز کے لیے الیکشن ہر سال سالانہ امتحانات کے نتائج کے فوراً بعد منعقد کیے جائیں گے اور شیڈول کا اعلان کم از کم دس دن پہلے کیا جائے گا۔
2. سٹوڈنٹ کونسل ایلیمنٹری، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں میں متعارف کروائی جائے گی جس کا دائرہ کار جماعت ششم اور اس سے سینئر جماعتوں تک ہوگا۔
3. ایک سینئر ٹیچر کو الیکشن کمشنر نامزد کیا جائے گا جس کا کام سٹوڈنٹ کونسل کے الیکشن کروانا ہے۔ ایک اور سینئر ٹیچر کو الیکشن ٹریبونل نامزد کیا جائے گا تاکہ وہ الیکشن سے متعلق شکایات سن کر ان پر موزوں فیصلہ صادر کر سکے۔
4. سٹوڈنٹ کونسل پریذیڈنٹ، وائس پریذیڈنٹ، جنرل سیکرٹری اور فنانس سیکرٹری پر مشتمل ہوگی۔ یہ عہدے سکولوں میں حسب ترتیب چار سینئر ترین کلاسوں کے لیے مختص ہونگے جبکہ جماعت ششم اور اس سے سینئر تمام جماعتوں کے طلبہ / طالبات اپنی کلاسوں کے Class Representative (CR) منتخب کریں گے۔
5. اہل اور دلچسپی رکھنے والے طلبا کو اپنی الیکشن مہم موثر انداز میں چلانے کے قابل بنانے کے لیے الیکشن شیڈول کا اعلان کم از کم ایک ہفتہ پہلے کیا جائے گا۔ مزید براں یہ کہ انہیں الیکشن کے نشان الاٹ ہونگے اور پولنگ ایجنٹ مقرر کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ اسی طرح سے بیلٹ پیپرز، بیلٹ باکس، ووٹنگ سکریبنز، ووٹوں کی گنتی جیسے تمام مراحل سے گزارا جائے گا تاکہ طلبا کو ملکی سطح پر ہونے والے الیکشن کے طریقہ کار کی مکمل سوجھ بوجھ فراہم کی جاسکے۔
6. امیدواران الیکشن کمشنر کی منظوری کے ساتھ اپنے لیے الیکشن کے نشانات منتخب کرنے کے لیے آزاد ہوں گے۔ تاہم انہیں ملک کی سیاسی پارٹیوں کے نشان سے مشابہت رکھنے والے نشانات کو منتخب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔
7. صدر، نائب صدر اور جنرل سیکرٹری کی سطح کے امیدواران کو سکول انتظامیہ / الیکشن کمشنر کی طرف سے سکول اسمبلیوں میں طلبا سے بات کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ امیدواران میں سے ہر ایک کو اپنا تعارف کرانے، اپنا لائحہ عمل بتانے اور اپنے حق میں ووٹ کی استدعا کرنے کے لیے پانچ منٹ دیئے جائیں گے۔
8. Class Representative (CR) کے امیدواران کو بھی اپنی کلاسوں میں اپنا اور اپنے ایجنڈے کو متعارف کروانے کے لئے انچارج ٹیچر اسی طرح کا موقع فراہم کرے گا۔
9. منتخب ہونے والا صدر، الیکشن کمشنر کی نگرانی میں کونسل کے دوسرے عہدیداران میں ذمہ داریاں تفویض کرے گا۔
10. اس امر کو یقینی بنانے کی خاطر کہ قومی سطح پر منعقد ہونے والے عام انتخابات کا کوئی پہلو تشنہ نہ رہ جائے، سٹوڈنٹ کونسل اپنی ذمہ داریاں لینے سے پہلے ایک حلف اٹھائیں گی جس میں منتخب ہونے والے ارکان، سکول اور طلبا کی فلاح و بہبود کے لئے دل و جان سے کام کرنے اور اپنے خلاف الیکشن لڑنے والے طلبا سمیت، سب ساتھیوں کو ساتھ لے کر چلنے کا عہد کریں گے۔

الیت:

CamScanner

1. سٹوڈنٹ کونسلز کے لیے صرف وہ طلبا مقابلہ کرنے کے اہل ہوں گے جنہوں نے گزشتہ سالانہ امتحان میں پہلی پانچ پوزیشنز میں سے کوئی پوزیشن لے رکھی ہو۔ کسی کی دلچسپی نہ ہونے کی صورت میں فہرست / میرٹ پر موجود اگلا طالب علم / طالبہ اہل ہو گا / ہو گی۔ نویں اور دسویں کے طلبا کی اہلیت کا تعین البتہ آٹھویں کے سالانہ امتحانات کے نتائج کی بنیاد پر کیا جائے گا۔
2. ہائر سیکنڈری سکولوں میں الیکشن گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد منعقد کیے جائیں گے اور امیدواروں کی اہلیت کا تعین بورڈ کے امتحانات کے نتائج کی بنیاد پر کیا جائے گا۔
3. دلچسپی لینے والا طالب علم / طالبہ 80 فیصد حاضری کا حامل ہو گا۔
4. دلچسپی لینے والا طالب علم / طالبہ اپنے نظم وضبط اور عمومی رویے کے حوالہ سے بے داغ کردار کا مالک ہو گا۔ یہ معاملہ تاہم الیکشن کمشنر کی متعلقہ طلبا کے اساتذہ کے ساتھ مشاورت کے بعد طے پائے گا۔ فیصلہ خلاف آنے کی صورت میں مذکورہ طالب علم الیکشن ٹریبونل کے روبرو اپیل کر سکے گا۔

ضابطہ اخلاق:

1. الیکشن مہم الیکشن کمشنر کے طے شدہ قواعد / اوقات کار کے مطابق چلائی جائے گی۔
2. سکول کے نظم وضبط کا ہمہ وقت خیال رکھا جائے گا۔
3. مخالف امیدوار کے بارے میں غیر شائستہ بیانات دینے، منفی پروپیگنڈا کرنے یا منفی انداز میں الیکشن مہم چلانے کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔
4. دھمکی، دباؤ یا رشوت کی کوئی بھی صورت (تحائف دینا، دعوتیں منعقد کرنا) قابل قبول نہ ہو گی۔
5. صرف پوسٹروں پر اخراجات کرنے کی اجازت ہو گی جو مقرر کردہ جگہوں پر آویزاں کئے جا سکیں گے۔ ہاتھ سے بنے ہوئے چارٹ یا کمپیوٹر کے پرنٹ شدہ پوسٹروں کو ترجیح دی جائے گی تاکہ اخراجات کم سے کم ہوں۔ ان اخراجات کا باقاعدہ ریکارڈ رکھا جائے گا، اور الیکشن کے بعد الیکشن کمشنر کو جمع کروایا جائے گا۔ الیکشن کمشنر الیکشن سے قبل اخراجات کی زیادہ سے زیادہ حد کا تعین کرے گا جس کی پابندی کرنا لازم ہو گا۔
6. جیت یا شکست باوقار انداز میں قبول کی جائے گی۔
7. ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی صورت میں امیدوار کو نااہل قرار دیا جا سکے گا۔
8. کسی بھی شکایت کی صورت میں معاملہ الیکشن کمشنر کے پاس لے جایا جائے گا جو خود فیصلہ کرے گا یا معاملہ الیکشن ٹریبونل کے سپرد کر دے گا۔
9. الیکشن کے اختتام پر تشہیری مواد اور پوسٹروں کو ہٹانا متعلقہ امیدواران کی ذمہ داری ہو گی۔

ذمہ داریاں:

1. نظم وضبط، طرز عمل اور بہترین رویہ کے ذریعے دوسرے طالب علموں کے لیے رول ماڈل بننا۔
2. ہم نصابی سرگرمیوں مثلاً بزم ادب، تقاریر، مباحثے، مضمون نویسی، پینٹنگ اور کھیلوں کے مقابلے کا انعقاد کروانا۔
3. طلبا میں کتب بینی کا شوق پیدا کرنا، ان کی تحریری صلاحیتوں کو نکھارنا اور دیگر ہم نصابی سرگرمیوں میں معاون ثابت ہونا۔
4. طلبا کو آن لائن میگزین سے متعارف کرانا اور اس میں لکھنے کے لیے ان کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کرنا۔

CamScanner

5. سکول میں کھیلوں کی سرگرمیوں کا انتظام کرنا، طلبا کی بھرپور شمولیت کو یقینی بنانا اور اعلیٰ سطح پر مقابلہ جات کے لئے بہترین کھلاڑیوں کو منتخب کرنے میں سکول انتظامیہ کی مدد کرنا۔
6. اسکول میں نظم وضبط کی بہتری کے لئے انتظامیہ کا دست وبازو بننا۔
7. خاص مواقع مثلاً یوم والدین، یوم آزادی اور سالانہ تقریبات پر سکول انتظامیہ کی معاونت کرنا۔
8. طلبا کے مسائل اور مختلف معاملات میں ان کی رائے اسکول انتظامیہ تک پہنچانا۔
9. انتظامیہ کی طرف سے کئے گئے اعلانات وپیغامات کی طلبہ / طالبات تک مراسلت۔
10. سکول انتظامیہ کی زیر سرپرستی، سماجی بہبود کے قابل عمل منصوبے بنانا اور انہیں پایہ تکمیل تک پہنچانا۔
11. قرب وجوار کے علاقوں سے سکول نہ آنے والے بچوں کو تعلیم کے سلسلے کو شروع کرنے / جاری رکھنے پر قائل کرنا۔
12. طلبا کے نمائندوں کے طور پر سکول کے دورہ پر آنے والے خاص مہمانوں کا استقبال کرنا۔
13. سکول کو ماحول دوست بنانے کے لیے اقدامات کرنا۔
14. نئے آنے والے طلبا / طالبات کی راہنمائی۔
15. دی جانے والی کسی بھی دیگر ذمہ داری کو بخوبی نبھانا۔

اختتام مدت

سٹوڈنٹ کونسلز کے لیے معیاد ایک سال ہوگی تاہم اس میں مندرجہ ذیل استثنا شامل ہیں:

1. کسی عہدیدار کا قبل از معیاد سکول چھوڑ جانا۔
2. کسی عہدیدار کا از خود مستعفی ہو جانا، تاہم استعفی ہیڈ ٹیچر / پرنسپل کی باقاعدہ منظوری کے بعد قابل عمل ہوگا۔
3. عہدیدار کا سکول کے نظم وضبط کی خلاف ورزی کرنا یا اپنے منصب کا ناجائز فائدہ اٹھانا۔ اس صورت میں ہیڈ ٹیچر / پرنسپل اسے نا اہل قرار دے کر خالی ہو جانے والی نشست کے لئے نئے انتخابات منعقد کرے گا۔ خیال رہے کہ سکول انتظامیہ یہ اختیار محض انتہائی صورت میں اور سینیئر اساتذہ کی مشاورت سے استعمال کرے گی۔ متعلقہ طلبا / طالبات کو بھی اپنا موقف بیان کرنے اور صفائی پیش کرنے کا مکمل موقع دیا جائے گا۔

CamScanner